© rasailojaraid.com



لیکن یہ برزخی حیات ہے جس کی کیفیت و ماہیت کو ماسوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا اور نہ ہی برزخی زندگی کو دنیاوی زندگی پر قیاس کر سکتے ہیں۔ عقائد اسلامیہ میں ایک مسلمہ عقیدہ ''عقیدہ حیات النبی'' ہے۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جس میں مؤلف نے اسلاف کی کتب سے دلائل کا ذخیرہ جمع کر کے اختصار کے ساتھ پیش کیا ہے اور مسئلہ حیات النبی کو ادلہ شرعیہ کی روشنی میں واضح کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو لوگوں کی اصلاح کا ذریعہ بنائے۔

● **نام کتاب: صحت و مرض اسلام کی نظر میں** **مرتب: محمد اسرار ابن مدنی**
**ناشر: نیشنل ای او سی ڈی۔ بلاک، ای پی آئی بلڈنگ، چک شہزاد پارک روڈ این آئی ایچ اسلام آباد**

شریعت اسلامیہ میں شعبہ ہائے حیات سے تعلق رکھنے والے ہر قسم کے افراد کے لیے مکمل راہنمائی موجود ہے اور ہر شخص اپنی ہمت اور استطاعت کے مطابق اس چشمہ صافی سے اپنی سیرابی کا سامان جمع کر سکتا ہے، یہ دنیا تکالیف اور مصائب کی آماجگاہ ہے۔ جس میں ہر انسان کسی نہ کسی تکلیف اور پریشانی کا سامنا کرتا ہے، انسان کو بیماری کا لاحق ہونا من جانب اللہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کا علاج بھی نازل فرمایا ہے جیسے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کی دوا نازل کی ہے'' اس لیے ضروری ہے کہ انسان صحت مند رہے اور صحت مندی کی طرف لے جانے والے ذرائع اور علم طب سے واقف ہو زیر تبصرہ کتاب ''صحت و مرض اسلام کی نظر میں'' اسی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے ایک مختصر اور اہم کاوش ہے۔ کتاب میں مرض کا تعارف، علامات، اسباب اور طریقہ علاج بھی بتایا گیا ہے۔ کتاب کے آخر میں فاضل مرتب نے ''پولیو ویکسین'' کی تائید میں ایک مستقل باب بھی باندھا ہے جس میں مفتیان کرام کے فتاویٰ جات کے عکس بھی موجود ہیں۔

● **نام کتاب: نگارشات سیرت** **مرتبین: ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری، حافظ محمد عارف گھانچی**
**قیمت: ۴۵۰ روپے** **ناشر: کھتری مسجد، لی مارکیٹ، صدر ٹاؤن، کراچی**

سیرت نبوی کا موضوع ہر دور میں مسلم مفکرین کی فکر و توجہ کا مرکز رہا ہے اور ہر ایک نے اپنی اپنی وسعت اور توفیق کے مطابق اس پر خامہ فرسائی کی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا مطالعہ کرنا ہمارے ایمان کا حصہ بھی ہے اور حکم ربانی بھی ہے۔ قرآن مجید نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ کو ہمارے لیے ایک کامل نمونہ قرار دیتا ہے، اخلاق و اداب کا کونسا ایسا معیار ہے جو آپ کی حیات طیبہ میں نہ ملتا ہو۔ آپ کی سیرت طیبہ کے جملہ گوشوں پر مسلسل لکھا گیا ہے اور مستقبل میں لکھا جاتا رہے گا۔ اس کے باوجود یہ موضوع اتنا وسیع اور طویل ہے کہ اس پر مزید لکھنے کا تقاضا اور داعیہ موجود رہے گا۔ زیر تبصرہ کتاب ''نگارشات سیرت'' معروف سیرت نگار مولانا ڈاکٹر سید عزیز الرحمان کے مؤقر مجلّے ''السیرۃ، تعمیر افکار، جہاں سیرت'' میں شائع ہونے والے اداریوں، مختلف کتب سیرت پر آپ کے تبصروں، آپ کی تقاریظ اور پیش گفتار پر مشتمل ہے۔

● **نام کتاب: خصوصی اشاعت ماہنامہ الحق ڈاکٹر شیر علی شاہ مدنی** **زیر اہتمام و نگرانی: مولانا سمیع الحق**
**ناشر: موتمر المصنفین جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک**

حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ مدنی رحمۃ اللہ علیہ کسی تعارف کے محتاج نہیں، آپ ایک منفرد حیثیت کی حامل شخصیت تھے اور علوم اسلامیہ کے بحر ذخائر تھے، آپ اپنے علمی تبحر اور اپنے علم و فضل کے ساتھ جامع الکلام شخصیت کے حامل تھے۔ انکساری، تواضع، سادگی، خاکساری، حق گوئی اور اعلیٰ ظرفی جیسی صفات سے متصف تھے، گویا کہ اپنی صفات میں مرقع حیات تھے۔ پیش نظر کتاب مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ مدنی کی حیات و خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے مرتب کی گئی ہے، جوان کی علمی، تدریسی، تصنیفی، اصلاحی، سیاسی اور جہادی کارناموں پر مشتمل ہے۔



© rasailojaraid.com